ٹیکس کے متعلق شکایت؟

ہم آسٹریلیا کے ٹیکس اور سپر اینویشن سسٹم کو منصفانہ بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

ہم آسٹریلین ٹیکسیشن آفس (ATO) اور ٹیکس پریکٹیشنرز بورڈ (TPB) کے خلاف شکایات کا جائزہ لیتے ہیں اور انہیں حل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

Tax Ombudsman

Urdu | اردو

Tax Ombudsman

ہم سے رابطہ کرنے کا طریقہ

taxombudsman.gov.au

1300 44 88 29 (لوکل کال چارجز)

enquiries@taxombudsman.gov.au

GPO Box 551, Sydney NSW 2001

مفت تحریری اور زبانی ترجمے کے لیے **131 450** پر کال کریں اور **1300 44 88 29** پر کال ملانے کو کایں۔

اگر آپ بہرے ہیں یا آپ کی سماعت کمزور ہے، یا آپ کو بولنے یا کمیونیکیشن میں مشکل ہے تو براہ کرم مدد کے لیے **accesshub.gov.au** سے رجوع کریں۔

ہم آپ کی کیسے مدد کر سکتے ہیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ ATO یا TPB نے آپ کے ساتھ غیر منصفانہ یا غیر معقول سلوک کیا ہے تو آپ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہم درج ذیل شکایات میں مدد کر سکتے ہیں:

- ٹیکس ریفنڈ یا ادائیگیوں میں تاخیر
- خراب سروس یا غیر منصفانہ سلوک
- آپ کے ذمے واجب الادا ٹیکس یا آپ سے واجب الادا ٹیکس کی وصولی
- پیمنٹ پلان (قسطوں میں ادائیگی) یا آپ سے لیا جانے والا سود
- مالی مشکلات کے لیے انتظامات
- سپر اینویشن گارنٹی کے تحت ادائیگیاں نہ کی گئی ہوں
- کمپنی کے ذمے واجب الادا ٹیکس / یا ڈائریکٹر پینلٹی نوٹسز۔

ہماری سروس مفت اور خودمختار ہے۔

اگر آپ ٹھیک سے نہ جانتے ہوں کہ آیا ہم مدد کر سکتے ہیں تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کا مسئلہ ہمارے دائرہ کار سے باہر ہوا تو ہم درست ادارے کی طرف آپ کی رہنمائی کرنے کی کوشش کریں گے جو آپ کی مدد کر سکتا ہو۔

ہم آپ کے ٹیکس ریٹرن یا آپ کے واجب الادا ٹیکس کے بارے میں مشورہ نہیں دے سکتے۔

شکایت کرنے کا طریقہ

اس سے پہلے کہ ہم آپ کی مدد کر سکیں، یہ ضروری ہے کہ آپ پہلے ہی ATO یا TPB سے شکایت کر چکے ہوں۔

شکایت کرنے کے لیے **taxombudsman.gov.au** پر جائیں اور "**Lodge a complaint**" منتخب کریں۔

ایک تفتیشی افسر آپ سے 2 کاروباری دنوں کے اندر رابطہ کرے گا تاکہ آپ کی شکایت کی تصدیق کرے اور اگلے اقدامات کے بارے میں بات کرے۔